*شری آر۔ پی۔ دیشمکھ (گنگا کھیڑ) :— میں ہاؤز کا زیادہ وقت نہیں لوں گا بلکہ آنریبل ہوم منسٹر کی توجہ اوس میمورنڈم کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ جسے جون یا جولائی کے مہینے میں آنریبل ممبر شری کے۔ وی۔ نارائن ریڈی صاحب نے پیش کیا ہے۔ ہر وقت حکومت کی طرف سے یہ دعوی کیا جاتا ہے کہ اپوزیشن کی طرف سے جو چارجس لگائے جاتے ہیں وہ غلط ہوتے ہیں لیکن کے۔ وی۔ نارائن ریڈی صاحب کے میمورنڈم میں جو چارجس لگائے گئے ہیں اگر وہ غلط ثابت ہوں تو میں اس ہاؤز سے اپنی سیٹ چھوڑنے اور استعفی دینے کے لئے تیار ہوں۔ میں جہاں تک سمجھتا ہوں اسکی کاپی آنریبل اسپیکر کو بھی دی گئی ہوگی۔

مسٹر اسپیکر :— آپ کس سلسلہ میں تقریر کر رہے ہیں ؟

شری آر۔ پی۔ دیشمکھ :— جیل کے سلسلہ میں۔

شری دگمبر راؤ بندو :— یہ موشن اس بارے میں نہیں ہے۔

شری آر۔ پی۔ دیشمکھ :— جو کٹ موشن آیا ہے اس بارے میں توجہ دلانا چاہتا ہوں۔

مسٹر اسپیکر :— اس طرف توجہ دے چکے ہیں۔ یہ بحث نہیں ہوسکتی۔

شری دگمبر راؤ بندو :— جو ڈیمانڈس ہاؤز کے سامنے رکھے گئے ہیں اون سے ہٹکر بہت سی باتیں کہی گئیں ہیں لیکن میں ان کے بارے میں کچھ کہنا نہیں چاہتا۔

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—स्पीकर सर, कब्ल अिसके कि होम मिनिस्टर साहब तकरीर शुरू करें मैं अर्ज करता हूं कि श्री. के. अेल. नरसिंहराव ने अेक कटमोशन दी है अुसके सिलसिले में वे वहां के वाकयात को हाअुस के सामने रखना चाहते हैं, अुनको अिजाजत दी जाय कि वे अुन हालात को यहां रखें।

مسٹر اسپیکر :— وہ کونسا کٹ موشن ہے ؟

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—पेज दो पर है ।

شری دگمبر راؤ بندو :— اس پر تو بحث کرچکے ہیں ۔

مسٹر اسپیکر :— اچھی بات ہے ۔ صرف دو منٹ دئے جاتے ہیں ۔

* شری کے ۔ ایل ۔ نرسیما راؤ (یلندو ۔ عام) :— مسٹر اسپیکر سر ۔ خاص طور پر ضلع کھمم کے حالات میں آنریبل ہوم منسٹر کے سامنے رکھنا چاہتا تھا اس لئے میں نے یہ کٹ موشن پیش کیا ہے ۔ وہاں پولیس اٹراسٹیز (Atrocities) کے بارے میں سوالات کرتے اور میمورنڈم دیتے ہیں تو ڈپٹی منسٹر صاحب اصلی واقعات سے انکار کرتے ہیں ۔ لیکن اب وہاں کے حقیقی حالات رونما ہوچکے ہیں ۔ وہاں سپرنٹنڈنٹ پولیس بیدخلیوں کے سلسلہ میں بہت کچھ مدد دے رہا ہے ۔ اور عام طور پر کھمم ۔ مدیرا ۔ اور پالونچہ وغیرہ میں قولداروں پر حملہ کیا جا رہا ہے ۔ یہاں ہمارے سوالات کے جوابات میں یہ کہا جاتا ہے کہ دراصل تحصیل سے آرڈرس آنے کے بعد ایسا کرتے ہیں ۔ لیکن کھمم مدیرا وغیرہ تعلقات میں ۵ ، ۔ سپٹمبر کو سپرنٹنڈنٹ صاحب وہاں پہنچتے ہیں اور رعایا کو مار پیٹ کی جاتی ہے ۔ اور وہاں عام طور پر جو گرفتاریاں کی جاتی ہیں وہ بے عزت کرنے کی ایک کوشش ہوتی ہے ۔ کھمم انجمن کے وہاں جو سکریٹری ہیں وہ از خود پولیس کے پاس جاتے ہیں تو کہا جاتا ہے کہ ان کو گرفتار کرنے کا وارنٹ نہیں ہے لیکن جب وہ باہر آجاتے ہیں تو سب انسپکٹر ٹمن ہوٹل میں لیجاتا ہے اور عوام کو یہ بتلانا چاہتا ہے کہ ہم ایسے بڑے آدمی کو بھی ہتکڑیاں ڈال سکتے ہیں ۔ اس لئے اگر آنریبل منسٹر فار ہوم اپنے آپ کو عوام کا خدمت گذار سمجھتے ہیں تو عوام کی طرف سے جو میمورنڈمس آرہے ہیں ان کی جانچ کریں اور پولیس اور ایسے افراد جو ٹیننٹس کو خلاف قانون ستاتے رہتے ہیں ان کو سزا دیں ۔ ونڈیاتم ۔ اڈوی ملک اور متیالم پہاڑ کے اوپر جو حملے ہو رہے ہیں اور ٹیننٹس کی مسلسل بیدخلیاں ہو رہی ہیں ان کو روکیں ۔ بس یہی چیز مجھے ہوم منسٹر کی توجہ میں لانا تھا ۔ میں امید کرتا ہوں کہ وہ اسکی تحقیقات کریں گے ۔

شری دگمبر راؤ بندو :— مجھے افسوس ہے کہ بہت سی باتیں ایسی کہی گئی ہیں جن کا ڈیمانڈس سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔ اس کے لئے ایک طریقہ معین کرنا چاہئے اور جیسا کہ اسپیکر صاحب نے رولنگ دی ہے جس بارے میں ڈیمانڈس ہیں اسی بارے میں کچھ کہنا ہو تو کہنا چاہئے ۔ اگر ریزنیبل ڈیمانڈس (Reasonable Demands) نہیں ہیں یا تفصیلات مانگنا ہو تو ڈسکشن ہوسکتا ہے ۔ لیکن یہاں بہت سی باتیں ایسی کہی گئی ہیں جن کا قطعاً ڈیمانڈس سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—ऑनरेबल मिनिस्टर साहब को तो खैरमकदम करना चाहिये कि अिसको अिस तरह से रखा गया है । अगर अिस तरह से भी नहीं रखा जा सकता है तो दूसरे बहुत से रास्ते हैं और शायद अुन्हीं को आयंदा हमें अख्तियार करना चाहिये ।

شری دگمبر راؤ بندو :— میں اس کا خیر مقدم تو نہیں کرسکتا - لیکن اگر آپ سمجھتے ہیں کہ اس سے بد تر طریقہ سے ظاہر کرنے کے بجائے ایسا ظاہر کئے ہیں تو ضرور میں مبارکباد دیتا ہوں - ری ہیابیلیٹیشن کے بارے میں آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن نے ضرور ایک بات بتائی اور کہا کہ اس گورنمنٹ کو بھی اپنا ایک بجٹ بنانا چاہئے اور اپنا بھی کچھ کام کرنا چاہئے - صرف گورنمنٹ آف انڈیا کے دئے ہوئے پیسہ پر بھروسہ نہ کرنا چاہئے - مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ پولیس ایکشن ہوکر بھی کئی سال ہوگئے اور یہاں اس بارے میں کوئی الگ ڈپارٹمنٹ قائم نہیں ہوا لیکن ساتھ ساتھ کچھ مکان وغیرہ جلتے ہیں یا گاؤں میں کچھ گڑبڑ ہو جاتی ہے تو اس کی امداد کے لئے ریوینیو ڈپارٹمنٹ میں ایسا مد ہے - چنانچہ نظام آباد اور گلبرگہ میں بھی اسی فنڈ سے امداد پہنچائی گئی - اور جو ری ہیابیلیٹیشن فنڈ ہوم ڈپارٹمنٹ میں ہے وہ پولیس ایکشن کی زد میں آنے والوں کے لئے ہے - پولیس ایکشن سے اگر کسی کو نقصان پہنچا ہے تو یہ اون کی مدد کے لئے ہے - اوس فنڈ سے بیواؤں اور طالب علموں کو امداد دی گئی ہے اور ایسے لوگوں کو جو بیدخل ہوگئے تھے ان کی مدد کی گئی ہے - ایسے لوگ جو قرضے حاصل کئے تھے اور جن سے قرض آسانی سے واپس مل سکتا ہے لے لیا گیا ہے - اس کے لئے گورنمنٹ نے ایک ایسے اڈوکیٹ کو رکھا جو ابتدا سے کام کر رہے تھے - پہلے بھی وہ ایماندار ثابت ہوئے اور اس وقت بھی وہ اچھی طرح کام کررہے ہیں - ان کو ایک عملہ دیا گیا تاکہ عثمان آباد اور بیدر کی حد تک کام کریں - چنانچہ ان دو اضلاع میں یہ کام چل رہا ہے - گذشتہ وقت بھی یہ مد بجٹ میں رکھا گیا تھا لیکن چونکہ اوس وقت پورا مد اس میں نہیں آیا تھا - پورا روپیہ اوس وقت نہیں مل سکتا تھا اس لئے یہ سپلیمنٹری ڈیمانڈ ہاؤز کے سامنے رکھا گیا - میں سمجھتا ہوں کہ جو خیالات آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن نے ظاہر کئے ہیں وہ ایسے ہیں جو علحدہ طور پر سوچے جا سکتے ہیں - جہاں تک اس مد کا تعلق ہے اس میں کوئی چیز قابل اعتراض نہیں ہے - اس لئے اس کو منظور کیا جانا چاہئے -

श्री व्ही. डी. देशपांडे :—रीहैबिलिटेशन के नये मसले आये तो कौन से डिपार्टमेंट की तरफ जायेंगे ?

شری دگمبر راؤ بندو :— ریوینیو کے تحت جائینگے -

پولیس کے یہاں پر تین مطالبات ہیں جس میں سے ایک سیت سندھیوں کا مطالبہ ہے - دوسرا یو - پی سے جو آرمڈ پولیس سنہ ۱۹۴۹ع میں آئی تھی اور جس کے بارے میں کئی کارروائیاں گورنمنٹ آف انڈیا سے چل رہی ہیں اس کے بارے میں ہے تاکہ جس حد تک تصفیہ ہو جائے اس حد تک دینے کے لئے یہ سپلیمنٹری ڈیمانڈ ہاؤز کے سامنے رکھا گیا ہے جس میں سے ۴ لاکھ کچھ روپیے آرمڈ پولیس کے لئے - ۲ لاکھ اور کچھ روپے سیت سندھیوں کے لئے اور سولہ سو روپیے آفیسر آن اسپیشل ڈیوٹی جو ملکی سرٹیفکیٹس وغیرہ کے سلسلہ میں ہے اون کے لئے - پولیس کے اتیاچار کے بارے میں بہت سی باتیں کہی گئیں ہر جگہ الگ الگ کیسس ہوتے ہیں ان کے واقعات الگ الگ ہوتے ہیں اس لحاظ

سے ان کی الگ الگ جانچ ہوتی ہے - اور کارروائی ہوتی ہے - میں یوں تو اس کی طویل داستان ہاؤس کے سامنے پیش کرسکتا ہوں - آنریبل ممبرس نے اس کو مختلف طریقوں سے یہاں رکھنے کی کوشش کی - اس سے مسائل حل نہیں ہوتے جو الزامات عاید کئے جاتے ہیں کہ فلاں شخص راشی ہے، فلاں لفنگا ہے جب تک کہ ثبوت پیش نہ ہو اور اس کو ثابت نہ کیا جائے گورنمنٹ اس کو صحیح تسلیم نہیں کرسکتی - جب کسی شخص کے متعلق راشی ہونے یا اس میں اور کوئی خرابی ہونے کے بارےمیں کہا جاتا ہے تو محض کسی آنریبل ممبر آف دی ہاؤس یا ایم - پی یا کسی افلاطون کے کہدینے سے اس شخص کو سزا تو نہیں دی جاسکتی - اس الزام کو پایہ ثبوت کو پہنچانا لازمی ہے - بہت سے لوگ یہ کہتے ہیں کہ ہم اس کو ثابت کرنے کے لئے تیار ہیں لیکن جب وقت آتا ہے تو بھاگ جاتے ہیں یا ثبوت پیش نہیں کرتے یا جھوٹا بیان دیتے ہیں - ایک جگہ ایک بیان دیتے ہیں دوسری جگہ دوسرا بیان دیتے ہیں - اس لحاظ سے جب تک سوسائٹی کا مارل (Moral) درست نہ ہو اس کی اصلاح مشکل ہے - ایک صاحب نے ایک قیدی سے متعلق یہ ریپریزنٹیشن کیا کہ اس قیدی کی ماں بستر مرگ پر ہے - مجھے رحم آگیا - لیکن بعد میں دریافت پر معلوم ہوا کہ اس کی ماں ٹھٹی کٹی ہے - یہ سب کیا جاتا ہے - آنریبل ممبرس آف دی ہاؤس یا کوئی اور بڑا آدمی کچھ کہدے تو اس کے کہنے کے بموجب ہم کام کرتے جائیں تو یہ ہمارےلئے بہت دشوار ہو جاتا ہے -

ولیج پولیس (Village Police) کے بارے میں ایک چیز ہاؤس کے سامنے کہی گئی - اس سے پہلے بھی اس بارے میں کہا گیا ہے کہ یہ ریوینیو سے متعلق ہے ولیج اڈمنسٹریشن کے پٹیل پٹواری سیت سندھی وغیرہ پر نہ تو پولیس کا کنٹرول ہے اور نہ وہ پولیس کے ملازم ہیں - یہ ایٹم در اصل ریوینیو میں جانا چاہئے - البتہ ہوتا یہ ہے کہ کچھ چیزوں کے بارے میں پولیس آفیسرس سے مشورہ کیا جاتا ہے - لیکن ان پر اڈمنسٹریٹیو کنٹرول ریوینیو ڈپارٹمنٹ کا ہے - میرے سامنے ایسا کوئی مواد نہیں کہ انہیں وقت پر تنخواہیں نہیں دی گئی ہیں لیکن .....

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—यह कहा जा रहा है कि यह जो मद हैं वह रेविन्यू डिपार्टमेंट के तहत हैं, लेकिन होम डिपार्टमेंट के तहत रकम मांगी जा रही है। जब हम सवाल करते हैं तो कहा जाता है कि यह मद अिस डिपार्टमेंट के तहत नही है। जब अिस तरह से जवाब दिया जाता है तब हमें अुसपर बोलने को मौका ही नही मिलता है। आप अिसे बराबर मद में ट्रान्सफर (Transfer) क्यों नहीं करा लेते हैं ?

شری دگمبر راؤ بندو :— یہ اگلے بجٹ میں معلوم ہو جائیگا اور یہ ریوینیو کے تحت ہی آئیگا - ریوینیو ڈپارٹمنٹ ہی بتلائیگا کہ یہ کسطرح خرچ ہونا چاہئے - اس مد پر بیس لاکھ کی رقم خرچ ہوتی ہے - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جاگیری مواضعات میں بقایا نہیں دیا گیا تھا - اس لئے یہ مانگ پیش ہے - لاسٹ ٹائیم (Last time) بجٹ منظور ہونے کے بعد مد آیا - چونکہ اوس وقت یہ مد ہوم ڈپارٹمنٹ یا پولیس ڈپارٹمنٹ کے مد میں تھا اس لئے سپلیمنٹری ڈیمانڈ بھی اسی کے ساتھ پیش ہوا ہے - میں سمجھتا

ہوں کہ ان سیت سندھیوں وغیرہ کے معاوضوں میں جو اضافہ چاہا جا رہا ہے ایوان کی رائے کے لحاظ سے اس کے منظور کرنے میں کوئی رکاوٹ نہوگی .....

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—अभी ऑनरेबल मिनिस्टर साहब ने कहा कि हाअुस के मेंबर आते हैं और गलत बयानात देते हैं, लेकिन मैं साबित करने के लिये तैयार हूं कि मैं खुद तीन चार जगह गया था और वहां जाकर खुद अुन वाकयात को देखा हूं और अुसके बारे में डिप्टि मिनिस्टर साहब को भी अुसके बारे में जानकारी दिया हूं । मैं खुद अेलंदू और दूसरे मुकामात के बारें में कह सकता हूं कि डी. अेस. पी. या आपके और दूसरे जो ऑफिसर्स हैं, अुनसे जो रिपोर्ट आपके पास आअी हैं वह गलत हैं। मैं झूठ तो नही कहना चाहता क्योंकि वह अनपार्लमेंट्री (Unparliamentary) होगा। अिस लिये सिर्फ गलत ही हैं अितना ही कहता हूं । मैं खुद वहांपर गया हूं और वहां के वाकयात हाअुस के सामने भी रख दिये गये हैं। जब अिस तरह के कोअी वाकयात होते हैं तो अैसा देखा जाता है कि जो भी कनसर्न्ड ऑफिसर होता है अुसे बचाने की कोशिश की जाती है और मैं यह साबित कर सकता हूं।

شری دگمبر راؤ بندو :— تیسرا مد آفیسر آن اسپیشل ڈیوٹی کے بارے میں ہے - ملکی سرٹیفیکیٹس کے تعلق سے یہاں بحث کی گئی لیکن باوجود اس کے کہ اسپیکر صاحب نے آنریبل ممبر سے خواہش کی کہ وہ ہندوستانی میں کہیں لیکن انہوں نے تلگو میں تقریر کی - گذشتہ ۳۰ - ۴۰ سال سے تلگو اور کنڑی بولنے والوں سے تعلق رکھنے کے باوجود میں صرف اس حدتک تمیز کرسکتا ہوں کہ کہنے والے آیا تلگو میں کہہ رہے ہیں یا کنڑی میں - میں نہیں جانتا کہ آیا یہ میرا قصور ہے یا مجھ میں یہ کمی ہے میں آنریبل ممبر کو زیادہ فالو (Follow) نہ کرسکا - میں نے یہ بھی سوچا کہ مجھے زیادہ تفصیلات میں جانے کی ضرورت نہیں ہے - جب چیف منسٹر کے ڈیمانڈس پیش ہورہے تھے تو آفیسرآن اسپیشل ڈیوٹی کے کام اور انکی کارگذاری کے بارے میں بتلایا جاچکا تھا - یہ بھی کہا گیا کہ پولیس پر چیٹنگ (Cheating) کا کیس نہیں کیا گیا - اسکا جواب بھی میں نے دیا - جو چیز ایک مرتبہ ہاؤس کے سامنے آئی ہے اس پر بحث ہوچکی اور وہ منظور بھی ہوگئی - یہ بتلایا گیا تھا کہ آفیسرآن اسپیشل ڈیوٹی کی تنخواہ جنرل اڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ ، ہوم ڈپارٹمنٹ اور پولس ڈپارٹمنٹ سے دیگئی - اسکو رکھنے کی ضرورت اسلئے تھی کہ ایسی شکایتیں آتی ہیں کہ جھوٹے صداقت نامے جاری ہوئے ہیں - اسکی باضابطہ تحقیقات کی ضرورت تھی - اسطرح سے ہم کو پتہ چل جائیگا کہ اصلیت کیا ہے - صحیح ہونے کی صورت میں بھی پتہ چل جائیگا اور غلط ہونے پر بھی معلوم ہو جائیگا .....

شری پنڈم واسدیو :— بات یہ ہے کہ .....

مسٹر اسپیکر :— رول یہ ہے کہ جب تک آنریبل ممبر نہ بیٹھیں دوسرے اس وقت تک کچھ نہیں کہہ سکتے -

شری دگمبر راؤ بندو :— یہ کہا گیا کہ پرانے آفیسرس رکھے گئے ہیں - کہا گیا کہ ڈی - ایس - پی کے آفس میں درخواست پیش کرنے پر انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس

انگریزی جاننے والا اهلکار نہیں ہے اسلئے شریک مثل کیا جائے - ایسے اعتراضات کا کوئی علاج نہیں - آنریبل ممبر مجھے معاف کریں اور میں جو کچھ جواب دیتا ہوں اس پر اکتفا کریں -

جیل کے بارے میں اعتراض کیا گیا - در اصل ۱۵ ہزار کا جو مد ہاؤس کے سامنے آیا ہے گورنمنٹ نے تصفیہ کیا ہے کہ ہم کو جو بھی کپڑا خریدنا ہے جہاں تک ہوسکے کھدر لیں - اور وہ نہ ملے تو ہینڈ لوم کپڑا لیں - یہ تصفیہ اس وجہ سے کیا گیا ہے کہ ہم اسطرح جو رقم خرچ کرتے ہیں اس کی ایک ایک پائی غریبوں کے جیب میں جائیگی - اسلئے پالیسی کے طور پر ایسا تصفیہ کیا گیا ہے - چنانچہ یہ احکام ہر ڈپارٹمنٹ کو دئے گئے ہیں - برقندازوں کے کپڑوں کے لئے جیل ڈپارٹمنٹ کو احکام دئے گئے ہیں - اس لئے یہ ۱۵ ہزار کا مد ہاؤس کے سامنے آیا ہے - ایک چیز آنریبل ممبر کہہ رہے تھے - میرے پاس ایک میمورنڈم ضرور آیا ہے - میں اس کی جانچ کررہا ہوں - جب تک اس کی جانچ نہو اس کے بارے میں کوئی بھی بات قطعی طور سے نہیں کہی جاسکتی - اس کے بعد .....

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—मैं मिनिस्टर साहब से वजाहत चाहता हूं कि जेल में जो कपडा तैयार होता है, क्या अुसे अिस्तेमाल नहीं किया जा सकता ? क्या खद्दर का ही कपडा अिस्तेमाल करना जरूरी है ?

شری دگمبر راؤ بندو :— جیل میں جو کپڑا ہوتا ہے وہ تھوڑا ہوتا ہے - میں ہاؤس کی معلومات کے لئے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ بہت عرصہ سے وہاں یہ کام بند تھا - جب شروع ہوا تو نوسکھ لوگ تھے - ان کو تعلیم دینا اور بتلانا ہے - اسلئے کوئی خاص پنوائی نہیں ہوتی تھی -

لا آفیسر کے بارے میں کہا گیا - در اصل واقعہ یہ ہے کہ یہ پرانی چیز کی منظوری ہے - یکم جولائی سنہ ۱۹۵۲ع تا ۳ جون سنہ ۱۹۵۳ع اس جائیداد کی منظوری نہیں لی گئی - بجٹ میں اس کو سہواً شریک نہیں کیا گیا تھا - اس لئے یہ سپلیمنٹری ڈیمانڈ رکھا گیا ہے -

دوسرا مد سیلری اینڈ الونسسز آف پبلک پراژیکیوٹر اینڈ ہز اسٹاف کے بارے میں ہے - کھمم میں ڈسٹرکٹ سشن جج کی کوئی جگہ نہیں تھی اور نہ انکے عملہ کا تقرر ہوا تھا - اس لئے اسکو ہم نے رکھا ہے - اس میں کوئی خاص بات نہیں ہے جس پر بحث کی جاسکے - اور نہ یہ ٹراولنگ الونس سے متعلق ہے -

اس کے بعد الکٹورل رول کے بارے میں کہا گیا - اسکی بابتہ ۸۵ ہزار روپے کا ایک ایٹم ہے - گورنمنٹ کی یہ پالیسی نہیں کہ الکٹوریٹس کا نام یا انکے باپ کا نام یا انکی ذات الکٹورل رولس میں غلط لکھی جائے - گورنمنٹ کی پالیسی تو یہی ہے کہ صحیح نام لکھے جائیں لیکن جیسا کہ عموماً مردم شماری میں ہوتا ہے کچھ سہو ہو جاتی ہے - ان غلطیوں کی اصلاح کا بھی راستہ ہے - جنکے نام غلط درج ہوگئے ہوں

اگر وہ جانتے ہوں کہ انہیں کیا حقوق حاصل ہیں تو انہیں اپنے نام درست کرلینے کا موقع حاصل رہتا ہے - انکے علاوہ آنریبل ممبرس آف دی ہاؤس - میونسپل ممبرس اور پبلک ورکرس بھی انکی مدد کرتے ہیں - اور وہ الکٹوریٹس کے نام درست کرواتے ہیں - متعلقہ آفیسر کے پاس انکی درخواستیں پیش ہوتی ہیں - اس میں عوامی نمائندوں کا کوآپریشن (Co-operation) پہلے سے ہے اور رہیگا - مجھے اس بارے میں زیادہ کہنا نہیں ہے - میں سمجھتا ہوں ہاؤس کے آنریبل ممبرس ، میونسپل ممبرس جو پبلک سپرٹ رکھتے ہیں اس میں زیادہ تعاون کرینگے - زیادہ عملہ بڑھانے سے اس شکایت کو رفع نہیں کیا جاسکتا -

ایس - ٹی - اے کے سلسلہ میں پرائویٹ آپریٹرس اور آر - ٹی - ڈی میں تمیز کرنے کی ضرورت نہیں ہے - پرائویٹ آپریٹرس کو جسطرح عام طور پر وھیکلس ایکٹ کی پابندی لازمی ہے اس طرح آر - ٹی - ڈی پر بھی لزوم ہے - چنانچہ اس طرح کے کیسس میرے پاس آئے ہیں - میں مانتا ہوں کہ بہت سے آفیسرس غلط عمل کرتے ہیں - لیکن جب اپیل ہوتی ہے یا شکایت ہوتی ہے تو میں نے اس میں دست اندازی کی ہے - میں نے یہ حکم دیا ہے کہ آر - ٹی - ڈی کے آفیسرس کے مشورہ سے جیسے وہ چاہیں ویسے ہی عمل نہو - بلکہ موٹر وھیکلس ایکٹ کے تحت عمل ہونا چاہئے - ایس - ٹی - اے کو کوئی امتیاز نہ برتنا چاہئے - اوور لوڈنگ (Over loading) کے بارے میں جو شکایات کی جاتی ہیں یہ واقعہ ہے - لیکن پبلک کی سہولت کی خاطر سے گورنمنٹ نے اسکو الوو (Allow) کیا تھا - جیسے جیسے حالات بدلتے جائینگے اور نئی بسس آجائینگی ہم اسکا پرسنٹیج (Percentage) کم کرتے جائینگے اور ایسا ہی عمل اب بھی کیا جا رہا ہے - آر - ٹی - ڈی کے تعلق سے اگر معلومات فراہم کی جائیں تو آپکو معلوم ہوگا کہ پہلے جو حالت تھی اب وہ نہیں ہے بلکہ اس میں کمی ہوئی ہے - جب نئی بسس میں اضافہ ہوگا تو اسکو اسٹرکٹلی فالو (Strictly follow) کیا جائیگا -

ایس - ٹی - اے کے تعلق سے جو شکایت کی گئی ہے اوسکے متعلق میں کہونگا کہ ایس - ٹی - اے کی وجہ سے مقدمات مجسٹریٹس کے سامنے پیش ہوتے ہیں - جب ڈپارٹمنٹ کے سامنے یہ بات آتی ہے کہ ڈرائیور کی غلطی نہیں ہے اسکے باوجود مقدمہ دائر کرنے کی اجازت دیجاتی ہے اور وکیل کو مقرر کرکے اوسکی فیس آر - ٹی - ڈی کی طرف سے برداشت کی جاتی ہے - خلاف ورزی ہوتو ایس - ٹی - اے کی رائے کو الوو کیا جاتا ہے - عدالت میں مقدمات چلائے جاتے ہیں - وہاں سے جب کبھی جرمانے ہوتے ہیں وہ ادا کئے جاتے ہیں - ممکن ہے کہ ایک آدھ شکایت آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن کے علم میں آئی ہو - لیکن میں انکو یقین دلاتا ہوں کہ اس قسم کی بہت کم چیزیں ایس - ٹی - اے کی طرف سے آتی ہیں - اس سے زیادہ میں کچھ کہنا نہیں چاہتا - آنریبل ممبرس سے خواہش کرونگا کہ وہ اپنے کٹ موشنس واپس لیں اور میرے پیش کئے ہوئے سپلیمنٹری ڈیمانڈس کو منظور کریں -

شری جے - آنند راؤ :— میں آنریبل منسٹر کی توجہ میں یہ چیز لانا چاہتا ہوں کہ کئی ایسے کیسس آئے ہیں جن کے متعلق ڈی - ایس - پی کی رپورٹ پر ہم اعتماد نہیں کرسکتے - شری وی - ڈی - دیشپانڈے نے بھی ایسے کیسس پیش کئے ہیں - ہم ان کیسس کے بارے میں ڈی - یس - پی کی رپورٹ کو چیالنج کر سکتے ہیں - اس لئے کیا یہ مناسب نہ ہوگا اور کیا اس کے لئے منسٹر صاحب تیار ہیں کہ مختلف پارٹیوں کے ایم - ایل - ایز پر مشتمل کمیٹی بنائیں جس میں ڈپٹی منسٹر صاحب بھی رہیں - میں اس کی وضاحت چاہتا ہوں کہ کیا ایسی کمیٹی کے قیام کے لئے منسٹر صاحب تیار ہیں -

شری دگمبر راؤ بندو :— بات یہ ہے کہ سپریم کورٹ میں بھی جو لوگ فیل (Fail) ہو جاتے ہیں وہ بھی چیالنج کرنے ہیں لیکن چیالنج کرنے سے کام نہیں چلیگا - ہم کو مطمئن کیا جائے کہ ڈی - ایس - پی کی رپورٹ غلط ہے - ایسی صورت میں اوس رپورٹ کی آئی - جی - پی جانچ کرینگے اور آئی - جی - پی کی رپورٹ کے متعلق اگر مجھے مطمئن کیا جائے کہ وہ بھی غلط ہے تو میں اوس کی دریافت کرنے کے لئے تیار ہوں -

شری پنڈم واسدیو :— ایک چھوٹا سا کلیریفیکیشن (Clarification) چاہتا ہوں -

مسٹر اسپیکر :— اب اس بارے میں مباحث ختم کئے جاتے ہیں -

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—मैं अेक मिनिट बोलना चाहता हूं। यह मसला अिसके पहले भी हाअुस के सामने आया था तब मिनिस्टर साहब ने कहा था कि यदि हमें सही मालूमात दिये जाय तो अच्छा होगा। जब शार्टनोटिस क्वेश्चन (Short Notice question) और ॲडजर्नमेंट मोशन (Adjournment motion) के सिलसिले में भी अिस तरह का मसला लाया गया था, तब कहा गया था कि ऑनरेबल मेंबर खुद जाकर तहकीकात करें लेकिन जब हम खुद जाकर तहकीकात करत हैं और डिप्टि मिनिस्टर साहब को बताते हैं कि आपके पास डी. अेस. पी. की तरफ से जो रिपोर्ट आअी है वह गलत है। चेलेंज करनेका हमारा मतलब यह नही कि हम गव्हर्नमेंट को चेलेंज कर रहे हैं लेकिन डी. अेस. पी. की तरफ से जो रिपोर्ट आअी है अुसे हम चेलेंज करना चाहते हैं, और यह कह रहे हैं कि वह रिपोर्ट गलत हैं। अैसी सूरत में क्या किया जाय यह मैं पूछना चाहता हूं।

شری دگمبر راؤ بندو :— ایسے کیسس میں سی - آئی - ڈی کے ذریعہ تحقیقات ہوا کرتی ہے اور بعض کیسس میں ہو رہی ہے -

Demand No. 3 (12—*Charges on account of Motor Vehicles Act*) *Rs.* 2,386.

Victimisation of employees by the State Transport Authority

Shri V. D. Deshpande: I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Mr. Speaker: The question is:

"That a further sum not exceeding Rs. 2,386 under Supplementary Demand No. 3 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

The motion was adopted.

Supplementary Demand No. 5 (25—General Administration) Rs. 85,089.

Preparation of Electoral Rolls in the Cities of Hyderabad and Secunderabad

Shri Syed Akhter Hussain: I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Mr. Speaker: The question is:

"That a further sum not exceeding Rs. 85,089 under Supplementary Demand No. 5 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh.

The motion was adopted.

Supplementary Demand No. 6 (27—Administaration of Justice) Rs. 24,271.

Travelling expenses of Judicial Officers

Shri Ch. Venkatram Rao: I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Working of the Public Prosecutor in Khammam

Shri B. Krishniah: I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Mr. Speaker: The question is:

"That a further sum not exceeding Rs. 24,271 under

Supplementary Demand No. 6 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March, 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh.

The motion was adopted.

Supplementary Demand No. 8 (29-*Police*) *Rs.* 6,24,093.

High-handedness and atrocities of the Police Officials and Government's failure to take action against them

Mr. Speaker : The question is :
"That the grant under Demand No. 8 be reduced by Rs. 100."

The motion was negatived.

Low scales of pay and delay in the payment to Seth Sindhies

Mr. Speaker : The question is :
"That the grant under Demand No. 8 be reduced by Rs. 100."

The motion was negatived.

Issue of False Mulki Certificates

شری پنڈم واسدیو :— مسٹر اسپیکر سر۔ جو باتیں میں نے کہی تھیں اون کا جواب نہیں دیا گیا ہے اس لئے میں سوچ رہا ہوں کہ مجھے وتھ ڈرا کرنا چاہئے یا نہیں۔

مسٹر اسپیکر :— وتھڈرا کرنا چاہتے ہیں تو ونھ ڈرا کیجئے۔

شری پنڈم واسدیو :— میں وہی سوچ رہا ہوں کہ مجھے کیا کرنا چاہئے۔

Mr. Speaker : Does the hon. Member want to put it to vote or wish to withdraw ?

شری پنڈم واسدیو :— اچھی بات ہے میں وتھڈرا کرتا ہوں حالانکہ منسٹر صاحب جواب نہیں دئے ہیں۔

I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Mr. Speaker : The question is :

"That a further sum not exceeding Rs. 6, 24,093 under

Supplementary Demand No. 8 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March, 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

The motion was adopted.

Supplementary Demand No. 22–(57–Miscellaneous), Rs. 1,72,000.

Rehabilitation of State Subject

Mr. Speaker: The question is:
"That the grant under Demand No. 22 be reduced by Rs. 100."

The motion was negatived.

Assistance to students from West Pakistan

Shri J. Anand Rao: I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Mr. Speaker: The question is:
"That a further sum not exceeding Rs. 1,72,000 under Supplementary Demand No. 22 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March, 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

The motion was adopted.

Supplementary Demand No. 4—(13–Other Taxes & Duties), Rs. 15,000.

The Minister for Finance, Statistics, Customs, Commerce & Industries: (Shri V. K. Koratkar) I beg to move:

"That a further sum not exceeding Rs. 15,000 under Supplementary Demand No. 4 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March, 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Mr. Speaker: Motion moved.

Supplementary Demand No. 5–(25-General Administration) *Rs.* 26,257.

Shri V. K. Koratkar : I beg to move :

"That a further sum not exceeding Rs. 26,257 under Supplementary Demand No. 5 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March, 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Mr. Speaker : Motion moved.

Supplementary Demand No. 9–(36-Scientific Departments) *Rs.* 20,000.

Shri V. K. Koratkar : I beg to move :

"That a further sum not exceeding Rs. 20,000 under Supplementary Demand No. 9 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Mr. Speaker : Motion moved.

Supplementary Demand No. 15–(43-Industries & Supplies) *Rs.* 9,93,069.

Shri V. K. Koratkar : I beg to move :

"That a further sum not exceeding Rs. 9,93,069 under Supplementary Demand No. 15 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March, 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Mr. Speaker : Motion moved.

Supplementary Demand No. 17–(47-Miscellaneous Departments) *Rs.* 62,542.

Shri V. K. Koratkar : I beg to move :

"That a further sum not exceeding Rs. 62,542 under Supplementary Demand No. 17 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March, 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Mr. Speaker : Motion moved.

Supplementary Demand No. 21-(56-*Stationery & Printing*) *Rs.* 51,810.

Shri V. K. Koratkar : I beg to move :

"That a further sum not exceeding Rs. 51,810 under Supplementary Demand No. 21 be granted to the Rajpramukh to defrary the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Mr. Speaker : Motion moved.

Supplementary Demand No. 22—(57-Miscellaneous—Rs. 1,45,714

Shri V. K. Koratkar : I beg to move :

"That a further sum not exceeding Rs. 1,45,714 under Supplementary Demand No. 22 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Mr. Speaker : Motion moved.

Supplementary Demand No. 25—(81-*Capital Outlay on Civil Works* (*outside the Revenue Account*)—*Rs.* 1,70,076.

Shri V. K. Koratkar : I beg to move :

"That a further sum not exceeding Rs. 1,70,076 under Supplementary Demand No. 25 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course for the year ending 31st day of March, 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Mr. Speaker : Motion moved .

Supplementary Demand No. 26-(*Debt Heads*) *Rs.* 1,89,42,384.

Shri V. K. Koratkar : I beg to move :

"That a further sum not exceeding Rs. 1,89,42,384 under Supplementary Demand No. 26 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March, 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Mr. Speaker : Motion moved .

Supplementary Demand No. 5–(25–General Administration)
Rs. 26,257.

Working of the Pension Payment Office

Shri G. Gopal Rao (Pakhal) : I beg to move :

"That the grant under Demand No. 5 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker : Motion moved.

Supplementary Demand No. 15—(43—*Industries & Supplies*)
Rs. 9,93,069

Working of Kumbli Weaving Industry

Shri G. Gopal Rao : I beg to move :

"That the grant under Demand No. 15 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker : Motion moved.

New Schemes regarding Cottage Industries

Shri K. Venkatrama Rao (Chinnakondur) : I beg to move :

"That the grant under Demand No. 15 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker : Motion moved.

Sales Shops and Emporia scheme

Shri K. Venkatrama Rao : I beg to move :

"That the grant under Demand No. 15 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker : Motion moved :

Development of Handloom Industry

Shri Pendem Vasudev : I beg to move :

"That the grant under Demand No. 15 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker : Motion moved.

Working of Village Industries Advisory Board

Shri Pendem Vasudev: I beg to move:

"That the grant under Demand No. 15 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker: Motion moved.

Necessity of establishing a separate Advisory Board for Khadi and Village Industries

Shri Sharangowda Inamdar (Andola-Jiwargi): I beg to move:

"That the grant under Demand No. 15 be reduced by Re. 1."

Mr. Speaker: Motion moved.

Supplementary Demand No. 17–(47-Miscellaneous Departments) Rs. 62,542.

Expenditure incurred through the payment of fees etc., for conducting the prosecution in the M. S. K. Mills Case

Shri Sharan Gowda Inamdar: I beg to move:

"That the grant under Demand No. 17 be reduced by Re. 1".

Mr. Speaker: Motion moved.

Supplementary Demand No. 26–(Debt Heads) Rs. 1,89,42,384.

Working Conditions of Employees in Singareni Collieries

Shri K. L. Narsimha Rao: I beg to move:

"That the grant under Demand No. 26 be reduced by Rs. 100".

श्री. वि. के. कोरटकर :—अिस कटमोशन के बारे में मुझे अेतराज है। डिमांड सिर्फ यह है कि कॉलिरीज के अेक्सटेंशन के लिये २० लाख रुपये कर्जा दिया गया था। अगर अिसके अेक्सटेंशन की बहस करना हो तो यह स्कीम सही है या नहीं अिसपर गौर करना ठीक होता, लेकिन अेम्प्लाअिज का सवाल अिस वक्त नहीं आ सकता। वह जनरल बजट के वक्त आ सकता है।

شری کے - ایل - نرسمہا راؤ :— اکسٹنشن جو کیا جا رہا ہے وہ کہاں کیا جارہا ہے - اوس کے امپلائز کو کیا کیا سہولتیں دی جائیں گی اون پر بحث کرنا چاہتا ہوں -

مسٹر اسپیکر :— امپلائز سے یہ مسئلہ متعلق نہیں ہوتا -

The cut motion cannot be allowed.

Delay in the execution of Bunding Schemes

Shri B. D. Deshmukh (Bhokardhan-General) : I beg to move :

" That the grant under Demand No. 26 be reduced by Rs. 100".

Mr. Speaker : Motion moved.

Granting of Taccavi Loans

Shri B. Krishniah : I beg to move.

" That the grant under Demand No. 26 be reduced by Rs. 100 '.

Mr. Speaker : Motion moved.

Supply of Oil Engines to the Agriculturists

Shri K. Venkiah (Madhira) : I beg to move :

" That the grant under Demand No. 26 be reduced by Rs. 100 ".

श्री. वि. के. कोरटकर :— जिसके बारे में भी मुझे अजर है क्योंकि यह लोन सिर्फ फर्टिलायजर के डिस्ट्रीब्यूशन और वेल्स सिंकिंग के लिये है। आयिल अिंजिन्स के लिये यह लोन नहीं है। अिसलिये यहां जनरल तकावी का डिसकशन नहीं हो सकता, कम से कम आयिल अिंजिन्स के बारे में तो नहीं हो सकता।

شری - بی - ڈی - دیشمکھ :— صفحہ (۲۵) پر آئل انجن کا بھی ذکر موجود ہے -

The Minister for Supply, Agriculture, Development & Planning (Dr. Channa Reddy): There is some misunderstanding on the part of the hon. Member. If I am permitted, I would clarify. It is in this context that the statement on page 24 (last one or two lines) and page 25 (first one or two sentences) was made. It is a mere statement of facts that were happening till now. Till 1952-53, the Hyderabad Government were making large provisions in the Budget for granting short-

term taccavi advances to cultivators for improved seeds manures, sinking and repair of agricultural wells, oil engines, etc. It is nothing more but a mere statement of facts which were happening till now. This particular demand does not relate to oil engines; it relates only to fertilisers and well-sinking.

شری کے۔ اننت ریڈی (بالکنڈہ) :۔ جب گذشتہ دفعہ اس کی پابندی کی گئی تو اب نہیں رکھنے کی کیا وجہ ہے۔ اس کے متعلق ڈسکشن کرنا چاہتے ہیں۔

ڈاکٹر چنا ریڈی :۔ لیکن سپلیمنٹری ڈیمانڈ جو ہاؤز کے سامنے ہے اوس میں اس رقم کا ذکر ہے نہ آئل انجن کا سوال ہے۔ وہ پہلے جو کچھ کیا گیا اوس کے متعلق ذکر ہے۔

شری بی۔ ڈی۔ دیشمکھ :۔ اکسپلینیٹری نوٹ میں ان چیزوں کا ذکر ہے۔

Mr. Speaker: But the amount is not required for that.

Shri L. K. Shroff (Raichur): That point can be discussed later on.

Dr. Channa Reddy: On a further clarification, Sir. The last sentence in page 25 is abundantly clear: "The sanction of the Assembly, is, therefore, necessary to a supplementary grant of Rs. 1.17 crores for making short term taccavi advances to the Agriculturists in the shape of artificial fertilisers, by utilising the loans sanctioned by the Government of India." The succeeding para in the next page only refers to taccavi advances for sinking of agricultural wells.

Mr. Speaker: I cannot allow this cut motion.

Supply of fertilizers.

Shri G. Gopal Rao: I beg to move:

"That the grant under Demand No. 26 be reduced by Rs. 100".

Mr. Speaker: Motion moved.

Policy of Government in granting Taccavi Loans and their recovery from Agriculturists.

Shri Annajirao Gavane: I beg to move:

"That the grant under Demand No. 26 be reduced by Re. 1".

श्री. वि. के. कोरटकर:—अिसके बारे में भी मुझे अुजर है। जनरल तकावी लोन जो हजारों चीजों के लिये दिया जाता है अुसके बारे में क्या पॉलिसी है, वह किस तरह से दिया जाता है, किस तरह से वापस लिया जा रहा है, कितना दिया गया है, कितना बाकी है, ये सारे सवाल अिस वक्त नहीं आ सकते। जनरल बजट के वक्त आ सकते हैं और अुस वक्त वह आ चुके हैं। रेविन्यू की तकावी, अॅग्रिकल्चरल तकावी, ग्रोमोअर फूड की तकावी अिस तरह से बहुत तरीकों से तकावी दी जाती है और अुसको वापस करने का भी तरीका है। सप्लिमेंटरी ग्रांटस के वक्त जनरल सवालात नहीं आ सकते।

Shri Annajirao Gavane : When the supplementary demand is before the House, I am entitled to discuss the policy of the Government in regard to the distribution of taccavi loans and again, in regard to the recovery of such loans. The cut motion does not in any way affect.....

Mr. Speaker : Motion moved.

Faulty way of distributing Zinc Sheets to the Rural Areas

Shri Bhujang Rao (Jintur) : I beg to move.

" That the grant under Demand No. 26 be reduced by Re. 1 ".

श्री. वि. के. कोरटकर:—यहां झिंक शीटस के डिस्ट्रिब्यूशन के बारे में डिसकशन कैसे हो सकता है ? हां, यह हो सकता है कि फर्टिलायजर को बनाने के लिये गोदाम बनाये जाते हैं अुस वक्त शायद झिंक शीटस का मसला आ जाय।

Shri Annaji Rao Gavane (Parbhani) : I want to draw the attention of the hon. Minister to page 24 of the explanatory note, wherein it is stated that the amount is advanced from the rural Welfare Trust Fund as a short term loan at 4½% P.A. to the Hyderabad Agricultural Co-operative Association for the purchase and distribution of zinc sheets to the rural areas.

श्री. वि. के. कोरटकर:—वह दिया गया है लेकिन यह लोन अुसके लिये नहीं है यही मैं बता रहा हूं। वह रूरल वेलफेअर ट्रस्टफंड से अलग दिया गया है।

Mr. Speaker : It is from the Rural Welfare Trust Fund. The whole sum is there.

Shri V. K. Koratkar : It is a loan taken from the Government of India for the fertilisers and for well-sinking purposes.

Mr. Speaker : Only for two purposes. Then this cut-motion can not be allowed.

Shri Annajirao Gavane: I humbly request.....

Shri V. K. Koratkar: Speaker, Sir, I have no objection for allowing this cut motion to be moved.

Mr. Speaker: Motion moved.

* شری جی - گوپال راؤ :- میرا کٹ موشن ڈیمانڈ (۵) پنشن پیمنٹ آفس کے لئے ہے - یہ آفس حیدرآباد میں واقع ہے - اور اس میں تقریباً ۹۰ - ۹۳ آدمی کام کرتے ہیں دو آفیسرس بھی ہیں - اس کے باوجود آنریبل فینانس منسٹر صاحب چاہتے ہیں کہ وہاں پر کچھ فرسٹ گریڈ - سکنڈ گریڈ اور تھرڈ گریڈ کلرکس کا اسٹاف دو مہینے کے لئے لیا جائے باوجود دو آفیسرس اور ۹۰ - ۹۳ عملہ کے کیوں مزید اسٹاف کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے - گو رقم تو کچھ زیادہ نہیں (۸) ہزار روپیہ کا ڈیمانڈ کیا گیا ہے - اس میں سے (۲) ہزار چھ سو روپیہ اسٹاف کے لئے مانگے جارہے ہیں - مگر جاگیر اڈمنسٹریٹر میں جو زائد اسٹاف موجود ہے اوس میں سے کچھ لوگوں کو آسانی سے وہاں منتقل کیا جاسکتا تھا - لیکن نہ معلوم کیوں فینانس منسٹر صاحب کی نظر اون پر نہیں پڑی - یا ریوینیو منسٹر صاحب نے اوس ڈپارٹمنٹ میں کتنے لوگ ہیں یہ بتلایا یا نہیں بتلایا - اس لئے میں دو مہینے کے لئے اس رقم کی ضرورت نہیں سمجھتا - وہاں کی حالت یہ ہے کہ موجودہ اسٹاف کافی ہے اس سے کاروبار ہوسکتا ہے - لیکن ۱۰ - بجے سے وہاں عورتیں آکر بیٹھتی ہیں تو ڈیڑھ بجے پیمنٹ (Payment) شروع ہوتا ہے - ہم دیکھتے ہیں کہ بینکنگ میں تو کسی پیمنٹ کا کے لئے ۱۰ - ۱۵ منٹ لیتے ہیں - لیکن یہاں خزانہ میں ان لوگوں کو جنہوں نے ملک کی خدمت کرنے کے بعد اپنے آپ کو پنشن کا مستحق قرار دیا ہے اپنا وظیفہ حاصل کرنے کے لئے ۸ - ۹ گھنٹے ڈیوٹی ادا کرنا پڑتا ہے - وہاں ۹۳ آدمی رہنے کے باوجود پیمنٹ کا یہ حال ہے - آخر ۱۰ - بجے سے ڈیڑھ بجے تک کیا ہوتا رہتا ہے میں سمجھنے سے قاصر ہوں - آنریبل منسٹر ایک دن موتی گلی تشریف لیجا کر یہ حال دیکھیں - انہیں معلوم ہوگا کہ وہاں کیا حال ہے اور انہیں یہ ڈیمانڈ لانے کی ضرورت نہ ہوگی -

ڈیمانڈ نمبر (۱۵) ۵۴۰۰ روپیے خزانہ موتی گلی کے کرایہ ۵۱ - ۵۲ ع کی بابتہ اعلحضرت قدر قدرت بندگان عالی کو دینے کے لئے رکھا گیا ہے - میں منسٹر صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں جب اعلحضرت راج پرمکھ میں تبدیل ہوئے تو انکی پرسنل پراپرٹی اور اسٹیٹ پراپرٹی میں کیا تفریق نہیں ہوئی - انکی پرسنل پراپرٹی اور اسٹیٹ پراپرٹی دونوں علحدہ ہیں تو میں آنریبل منسٹر سے کہنا چاہتا ہوں کہ وہ ہاؤس کو کانفیڈنس میں لیکر کہدیں کہ کونسی چیز انکی ذاتی ہے اور کونسی نہیں ہے - موتی گلی خزانہ کی بلڈنگ نظام کے ذاتی صرفخاص کے خزانہ کی نہیں ہے - اسٹیٹ کے انٹیگریشن کے بعد ایسی پراپرٹی اسٹیٹ کی ہوگی - جب تک کہ اس کا تصفیہ نہو کرایہ دینے کی ضرورت نہیں ہے - اس کو تین سال گذر گئے ہیں - جس زمانہ میں نظام حیدرآباد کے رولر (Ruler) تھے اعلحضرت کی حیثیت سے حکمران نہ تھے - انکی بلڈنگس کی تعمیر صرفخاص کے

خزانہ سے نہیں بلکہ سرکارعالی کے خزانہ سے ہوئی - یہ سرکارعالی کے ہیں - کنگ کوٹھی اکی ذاتی تعمیر کی ہوئی نہیں ہے - وہ سرکاری خزانہ سے تعمیر شدہ ہے - بڑے جاگیرداروں نے نظام کو جو نذرانے دئے ہیں وہ اسٹیٹ کے ہیں نظام کے .....

श्री. वि. के. कोरटकर :—अिसमें हिल फोर्ट का कहां जिकर है ?

شری جی - گوپال راؤ :— ہل فورٹ کے بارے میں نہیں کہہ رہا ہوں - میں نے کنگ کوٹھی کے بارے میں کہا ہے -

श्री. वि. के. कोरटकर :—लेकिन यह मांग किंग कोठी से मुतालिक भी तो नहीं है ।

شری جی - گوپال راؤ :— یہ صرفخاص کو ۵۰۰۰ کرایہ دینے کا مد ہے میں آنریبل منسٹر فار فینانس سے مکرر دریافت کرونگا کہ نظام کی پرسنل پراپرٹی کونسی ہے اور اسٹیٹ کی کونسی ہے اور کس کو کرایہ دے رہے ہیں - کس سلسلے میں دے رہے ہیں میں دریافت کرنا چاہتا ہوں - مجھے نظام سے محبت کرنا ہے اور نہ خزانہ عامرہ سے محبت کرنا ہے - اس لئے کنگ کوٹھی جانے کی ضرورت پڑی جہاں تک مجھے علم ہے حیدرآباد میں نظام کے ۷۰ - ۸۰ مکانات ہیں جن میں ۶۰ - ۷۰ باغات ہیں - یہ تمام حیدرآباد اسٹیٹ کے تعمیر شدہ ہیں - حیدرآباد گورنمنٹ نے دیوانی سے رقم انوسٹ (Invest) کی ہے - فلک نما کے بارے میں ایک آنریبل ممبر نے سوال کیا تھا کہ وہ نظام کی پراپرٹی ہے یا اسٹیٹ کی پراپرٹی ہے - چیف منسٹر نے کہا تھا کہ وہ نظام کی پرسنل پراپرٹی ہے - اس کو پائیگاہ سے خریدا گیا تھا - اوس زمانے میں نظام کے پاس رقم نہیں تھی - دیوانی سے رقم دی گئی ہے - یہ واقعات ہیں - مجھے گورنمنٹ کی اور نظام کی پرسنل پراپرٹی کے بارے میں یہ کہنا تھا - یہی حال پنشن پیمنٹ آفس کا ہے - وہ بلڈنگ حیدرآباد اسٹیٹ کی ہے - اگر کرایہ ادا کرنا ہی ہے تو حیدرآباد گورنمنٹ کو ادا کرنا چاہئیے -

میرا کٹ موشن فرٹیلائزرس کے سلسلے میں بھی ہے - حالانکہ فرٹیلائزرس کے لئے کافی رقم منظور کی گئی ہے لیکن کسانوں کو اس سے جتنا فائدہ ہونا چاہئیے نہیں ہورہا ہے - کاشتکاروں کو جن فرٹیلائزرس کی ضرورت ہوتی ہے وہ سربراہ نہیں کئے جاتے یہ رقم تقاوی کے لئے رکھی گئی ہے - لیکن کسان سپرفاسفیٹ یا امونیم سلفیٹ طلب کرتے ہیں تو وہ آسانی سے دستیاب نہیں ہوتے - مجھے گورنمنٹ سے یہ بھی کہنا ہے کہ فرٹیلائزرس کی قیمت کم کی جائے - تاکہ کسان اس کو آسانی سے خرید سکیں - آجکل اگریکلچرل گڈس کی قیمت گھٹ رہی ہے - اس لئے کسان فرٹیلائزرس خریدنے کی سکت نہیں رکھتے - ٹریژری بنچز ان امور پر غور کریں -

کمبل کے سلسلے میں مجھے یہ کہنا ہے کہ حیدرآباد گورنمنٹ نے ۱۱ ہزار کی منظوری دی ہے - حیدرآباد میں کمبل کی صنعت کے لئے کافی مواقع ہیں - لیکن حیدرآباد گورنمنٹ ایک زمانے سے سوکر آج اٹھی ہے - حیدرآباد کا اول (Wool)

جو کافی اچھا ہوتا ہے ہزاروں ٹن کی مقدار میں باہر مدراس اور دوسرے مقامات پر اکسپورٹ کیا جاتا ہے - یہاں اسکی کھپت کے کافی امکانات ہیں - اور اس سے رورل ان امپلائمنٹ (Rural Unemployment) کا مسئلہ بڑی حد تک حل ہوسکتا ہے - اس کا مارکٹ سیلون اور آسام میں ہے - اس سلسلے میں ویورس کے بعد کمبل بنانے والے جنہیں عام طور پر دھنگر کہا جاتا ہے ان کی باری آتی ہے - لیکن گورنمنٹ کوئی اقدام نہیں کرتی - اور بطور نمونہ (جس کی گورنمنٹ عادی ہے) گلبرگہ میں ایک کارخانہ کھولا جارہا ہے یا کھولا گیا ہے - اس کا اس میں تو کچھ پتہ نہیں - وہ آیا اکسپریمنٹل (Experimental) ہوگا یا ریسرچ کا ہوگا - یا کیا نوعیت ہوگی اس کی کوئی تشریح نہیں ہے - میں نریژری بنچس سے کہونگا کہ ایسے ۱۰ - ۱۲ سنٹرس کھولے جائیں اور اس صنعت کو کافی ترقی دیں - اس سے ان امپلائمنٹ کا مسئلہ بھی ایک حد تک دور ہوگا -

اتنا کہتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

* شری کے - وی - راما راؤ :- مسٹر اسپیکر سر - میرا کٹ موشن ہینڈ لوم انڈسٹری کے بارے میں ہے - اور شاپس اینڈ اسٹیا بلشمنٹ کے بارے میں بھی ہے - ہمارے سامنے جو ڈیمانڈس پیش ہوئے ہیں ان میں سے آنریبل فینانس منسٹر کے ڈیمانڈس سب سے بڑھکر یعنی ۲ کروڑ کے ہیں - سکریٹریٹ کے نوٹ میں لکھا گیا ہے کہ ہینڈ لوم ڈیولپمنٹ اسکیم میں حکومت ہند کی جانب سے ۶ لاکھ سے زیادہ رقم دی گئی ہے - اس امید پر کہ حکومت ہند سے ۶ لاکھ سے زیادہ رقم ملیگی حکومت حیدرآباد نے کنسالیڈیٹڈ فنڈ (Consolidated fund) اور کنٹنجنسی سس فنڈ (Contingency cess Fund) سے کچھ لاکھ روپیہ خرچ کیا - لیکن یہاں ہینڈ لوم ڈیولپمنٹ اسکیم کے لئے سس فنڈ سے لئے ہیں یا کچھ ایسی ہی بات ہے - اگر ایسی بات ہے تو اس سے پہلے یہاں سوالات میں بتایا گیا کہ سنہ ۱۹۵۲ - ۵۳ ع میں ۱۲,۲۶,۰۰۰ روپیئے اور ۵۳ - ۵۴ ع میں ۹,۱۴,۵۰۰ روپیے ملے ہیں - اس طرح یہ رقم ۲۲ لاکھ کی ہے - اس میں جو خرچ ہوا ہے اس کی تفصیلات بتلائی گئی ہیں کہ ۵ لاکھ روپیے خرچ کئے گئے - اس طرح ۱۷ لاکھ کی رقم بچتی ہے - یہ ۱۷ لاکھ کی رقم خرچ ہوسکتی ہے - میں سبجکٹ ٹو کرکشن (Subject to correction) کہہ رہا ہوں - میں پوچھتا ہوں کہ یہ جو ۶ لاکھ کی رقم لیگئی ہے اس کی کیا ضرورت تھی - سس فنڈ کی بچی ہوئی رقم کافی ہوسکتی تھی - اس طرح اس کے لئے سپلمنٹری ڈیمانڈ لانے کی کیا ضرورت تھی میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں -

ساتھ ہی ساتھ مجھے یہ بھی کہنا ہے کہ ہم نے یہاں ویورس کے سلسلے میں کئی ریزولیوشنس پاس کئے ہیں - متفقہ طور پر پاس کئے گئے - دونوں جانب کے ارکان کی تائید سے پاس ہوئے - میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ انہیں عمل میں لانے کے لئے حکومت نے کیا اقدام کیا ہے - کیونکہ جہاں تک ہمیں معلوم ہے کوئی اقدام نہیں کیا گیا ہے - صرف کاغذی عمل ہے - اس کے باوجود ویورس پر پروفیشن ٹیکس سیلس ٹیکس ہاؤس

ٹیکس یہ سب عائد ہوتے ہیں۔ حالانکہ ویورس معاشی بحران سے گذر رہے ہیں۔ انہیں ریلیف ملنا چاہیئے ۔ میں آنریبل منسٹر کی توجہ مکرر اس جانب مبذول کراوں گا کہ اسمبلی میں جو ریزولیوشن پاس کئے ہیں اس پر سختی سے عمل کیا جائے۔ اور اس کے تحت ویورس کو جو ریلیف مل سکتی ہے وہ دلائیں۔ اس سس فنڈ کے سلسلہ میں یہ عرض کرنا ہے کہ سس فنڈ میں سے کچھ رقم ہینڈ لوم میں سبسیڈی دی جائے ۔ سبسیڈی میں عموماً دھوتی قمیص ساڑھی اور ضروریات کی چیزوں پر ایک آنہ سے دیڑھ آنہ تک سبسیڈی دی جاتی ہے ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جملہ ہینڈلوم کے کپڑوں پر سبسیڈی کیوں نہیں دی جاتی ۔ ایسی صورت میں ہی حقیقی طور پر فائدہ ہوسکتا ہے ۔ لوگوں کی پر چیزنگ کیپیسٹی (Purchasing capacity) گھٹی ہوئی ہے ۔ لوگ ہینڈ لوم کا کپڑا خریدنے میں آگے پیچھے ہوتے ہیں ۔ ایسی صورت میں سب ہینڈ لوم کلاتھ پر سبسیڈی دی جانی چاہیئے ۔

اس کے ساتھ ساتھ کاٹیج انڈسٹریز کا مد بھی آیا ہے ۔ لیکن کاٹیج انڈسٹری سے بھی حقیقی طور پر جن کو فائدہ پہنچنا چاہئے نہیں پہنچتا ۔ راج بھون کو سجانے کے سلسلے میں اس کو ۲۰ ہزار سے زیادہ رقم ملی ۔ لیکن حکومت جو رقم خرچ کرتی ہے اس کا حقیقی فائدہ دستی کاریگروں کو نہیں پہنچتا ۔ اس سلسلے میں فیڈریشن آف انڈسٹریل کوآپریٹیوز بنایا گیا ہے ۔ ہمارے منسٹر اس کے صدر ہیں ۔ لیکن اس سے بھی دیہاتی کاریگروں کو موثر طور پر فائدہ نہیں پہنچتا ۔ اس میں ایک لاکھ روپیہ خرچ کیا گیا ہے ۔ لیکن بہت سے لوگوں کو نہیں ملا ۔ یہاں کسار ہیں کمبل بنانے والے ہیں ان تمام لوگوں کو مدد دینے کی سخت ضرورت ہے ۔ اس سلسلے میں کامرس اینڈ انڈسٹریز ڈپارٹمنٹ کا جو عملہ ہے وہ ان کاریگروں کے پاس نہیں پہنچتا اور اس طرح ان لوگوں کو مدد پہنچانے میں کوئی موثر کاروائی نہیں ہوتی ۔ ان امور کی جانب توجہ دلاتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

The House then adjourned for recess till Half Past Five of the Clock.

[*Mr. Speaker in the chair*]

The House re-assembled after recess at Half Past Five of the Clock.

*శ్రీ పెండెం వాసుదేవ్ : అధ్యక్షమహాశయా, ఈ చేనేత పరిశ్రమ అభివృద్ధికంటూ కొన్ని లక్షల రూపాయలు మంత్రిగారు.....

مسٹر اسپیکر ۔ آنریبل ممبر ہندی نہیں تقریر کریں تو آنریبل منسٹر کو سمجھنے میں سہولت ہوگی ۔

శ్రీ పెండెం వాసుదేవ్ : అయితే మేము మంత్రిగారిని ఒక విషయం అడుగ దలచు కొన్నాము.

